کسی کو کوئی اچھا مشورہ دینا بھی فائدہ ہے اور کسی کی اُخروی زندگی کو سنوارنے کے لئے بھی اگر کوئی کام کیا جاتا ہے یا کوئی بات بتائی جاتی ہے تو بھی اُس کا فائدہ ہے۔

## عملی زندگی سے تعلق:

لہٰذا ہمیں چاہیے کہ مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہیں اور اُسے فائدہ پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتے رہیں انسانوں میں سے بہترین بننے کا سب سے بہترین طریقہ یہی ہے اور اِسی میں ہماری دنیاوی کامیابی اور آخرت کا راز پوشیدہ ہے۔

# مِنْ هَدْيِ الْحَدِيْثِ

# اضافی معروضی سوالات

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ کس نماز کو صلوٰۃ الوسطیٰ کہا گیا ہے۔

(الف) فجر (ب) ظہر

(ج) عصر ✓ (د) مغرب

2۔ اَنْصِتُ کا معنی ہے:

(الف) چلے جاؤ (ب) خاموش ہو جاؤ ✓

(ج) خوش رہو (د) انتظار کرو

3۔ نماز جمعہ کس نماز کا نعم البدل ہے۔

(الف) ظہر ✓ (ب) عصر

(ج) مغرب (د) عشاء

4۔ جو شخص جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگ کر گیا گویا اس نے پل بنایا:

(الف) نیکی کی طرف (ب) برائی کی طرف

(ج) جنت کی طرف (د) جہنم کی طرف ✓

5۔ دین کا ستون ہے۔

(الف) نماز ✓ (ب) حج

(ج) زکوٰۃ (د) روزہ

6۔ مسلمان کے لیے روزانہ ایمان کے امتحان کا موقع آتا ہے:

(الف) پانچ بار ✓ (ب) دو بار

(ج) تین بار (د) چار بار

7۔ جب نماز کھڑی ہو جائے تو شامل ہو جاؤ:

(الف) دوڑ کر (ب) آہستہ چل کر

(ج) وقار کے ساتھ چل کر ✓ (د) انتظار کرو

8۔ اس نے ایمان مکمل کر لیا۔

(الف) جس نے اللہ کے لیے محبت کی

(ب) جس نے اللہ کے لیے عداوت کی

(ج) دونوں ✓

(د) درج شدہ میں سے کوئی بھی نہیں

9۔ روزہ دین اسلام کا ہے:

(الف) تیسرا رکن ✓ (ب) اہم رکن

(ج) چوتھا رکن (د) پانچواں رکن

10۔ ماہِ رمضان کو نیکیوں کا قرار دیا جاسکتا ہے:

(الف) آمد (ب) فصل بہار ✓

(ج) بارش (د) خوشی

11۔ روزہ دنیا میں موجب راحت اور آخرت میں ہے۔

(الف) باعث رحمت (ب) باعث بخشش

(ج) باعث نجات ✓ (د) باعث کرم

12۔ حج بھی اسلام کا ہے:

(الف) پہلا رکن (ب) تیسرا رکن

(ج) چوتھا رکن ✓ (د) اہم رکن

13۔ حج ہر صاحبِ استطاعت مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

(الف) ایک بار ✓ (ب) دو بار

(ج) تین بار (د) چار بار

14۔ رَاعِ سے مراد ہے:

(الف) صبر کرنے والا (ب) نگہبانی کرنے والا ✓

(ج) رعایت دینے والا (د) دوست

15۔ تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور تم میں سے ہر ایک اپنی رعیت کے بارے میں ہے۔

(الف) ذمہ دار (ب) جواب دہ ✓

(ج) نگہبان (د) حق دار

16۔ ماں باپ اپنی اولاد کے بارے میں جواب دہ ہیں:

(الف) خوراک (ب) لباس

(ج) تعلیم و تربیت ✓ (د) سیر و تفریح

17۔ جمعہ کا خطبہ کس رہنمائی کا ذریعہ ہے:

(الف) لین دین (ب) معاملات

(ج) عبادات (د) اسلامی تعلیمات ✓

18۔ کس کی ہستی تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے:

(الف) علمائے دین (ب) والدین

(ج) رسول اللہ ﷺ ✓ (د) اسلاف

19۔ اگر کسی کو مال عطا کریں تو اس کی بنیاد:

(الف) ریاکاری ہو (ب) اللہ کی رضا ہو ✓

(ج) دین میں سربلندی ہو (د) مال کی نمائش ہو

20۔ لوگوں میں سے اچھا وہ ہے جو لوگوں کو دیتا ہے:

(الف) دولت (ب) محبت

(ج) نفرت (د) نفع ✓

21۔ عربی زبان میں صائم کے معانی ہیں۔

(الف) بھوکا (ب) پیاسا

(ج) روزہ دار ✓ (د) مؤذن

22۔ ایک روزہ دار شخص کے لیے کتنی خوشیاں ہیں:

(الف) 2 ✓ (ب) 3

(ج) 4 (د) 5

23۔ نیکیوں کی فصل بہار کس مہینے کو قرار دیا گیا ہے:

(الف) رمضان ✓ (ب) ربیع الاول

(ج) محرم (د) شعبان

24۔ اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل خانہ کو بچاؤ:

(الف) بیماری سے (ب) دوزخ سے ✓

(ج) آرام سے (د) غفلت سے

25۔ مسلمان ایک دوسرے کے ہیں:

(الف) بھائی ✓ (ب) رہبر

(ج) معاون (د) مسافر

26۔ حدیث میں دینؔ کو تشبیہ دی گئی ہے۔

(الف) پل (ب) عمارت ✓

(ج) سمندر (د) درخت

27۔ حدیث کی رو سے اس شخص نے دوزخ کی طرف پل بنالیا۔

(الف) جو کھڑے ہو کر پانی پیتا ہے

(ب) جو جمعہ کے دن گردنیں پھلانگ کر گیا ✓

(ج) مسجد میں سو گیا (د) جس نے جمعہ کی نماز ادا نہ کی

28۔ علم کا پہلا ادب یہ ہے کہ علم کی بات کو سنا جائے۔

(الف) غور سے (ب) خاموشی سے

(ج) ادب و احترام سے (د) خاموشی اور توجہ سے ✓

29۔ خانہ خدا کے آداب اور انسانی وقار کے خلاف ہے۔

(الف) جھوٹ بولنا (ب) چغلی کھانا

(ج) ناشائستہ عمل ✓ (د) شراب پینا

30۔ رمضان کے روزے مسلمانوں پر ہیں۔

(الف) مستحب (ب) سنت

(ج) فرض ✓ (د) واجب

31۔ نیکیوں کی بہار کہا گیا ہے۔

(الف) محرم (ب) ربیع الاول کو

(ج) رمضان کو ✓ (د) ذوالحج کو

32۔ روزہ دار کے لیے خوشیاں ہیں۔

(الف) 2 ✓ (ب) 3

(ج) 4 (د) 5

33۔ روزہ بظاہر ایک عبادت ہے۔

(الف) آسان (ب) مشقت طلب ✓

(ج) معتدل (د) مال طلب

34۔ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے لیے دو خوشیاں رکھیں ہیں جو۔

(الف) نماز پڑھتا ہے (ب) حج کرتا ہے

(ج) روزہ رکھتا ہے ✓ (د) خدمت خلق کرتا ہے

35۔ حج کے لیے مسلمانوں کا عظیم الشان اجتماع ہوتا ہے۔

(الف) مدینہ منورہ میں (ب) مکہ مکرمہ میں ✓

(ج) جدہ میں (د) کوفہ میں

36۔ حج فرض ہے۔

(الف) ہر مسلمان پر (ب) ہر تاجر پر

(ج) ہر مالدار مسلمان پر ✓ (د) ہر شہری پر

37۔ اگر کوئی شخص دین کی تبلیغ کے لیے نکلے تو اس کے ہر قدم پر ہے۔

(الف) معافی (ب) نیکی ✓

(ج) آگ (د) تکلیف

38۔ تم میں سے ہر ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے بارے میں جوابدہ ہے۔

(الف) اپنی اولاد (ب) اپنے والدین

(ج) اپنی بیوی (د) اپنی رعیت ✓